# جماعت احمدیہ ربوہ کے سربراہ کے نام تعزیتی خط

محترم جناب مرزا مسرور احمد صاحب

خلیفہ جماعت احمدیہ قادیان / ربوہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

احمدیہ انجمن لاہور کے ممبران اور تمام احباب لاہور میں 28 مئی کو ہونے والے ہولناک واقعات میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر نہایت غمگین اور افسردہ دلی سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ نماز جمعہ ادا کرتے ہوئے لوگوں کو عبادت گاہ میں دہشت گردی کا نشانہ بنانے کی پر زور مذمت کرتے ہیں۔

ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ اس سانحہ کے تمام شہدا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقامات عطا کرے۔ آپ کو اور آپ کی جماعت کے افراد کو اور متاثرہ خاندانوں کے لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق و ہمت عطا فرمائے۔

آپ کی جماعت نے حضرت مسیح موعودؑ کی صبر کی تعلیم کا جو شاندار عملی نمونہ پیش کیا ہے وہ ہر لحاظ سے قابل تحسین ہے۔ اس انتہائی رنج دہ سانحہ پر آپ کی جماعت نے پر امن رہتے ہوئے قانون کو ہاتھ میں نہیں لیا۔ یہی حضرت مسیح موعودؑ کی تعلیم کا مرکزی نقطہ ہے۔

ہم دعا گو ہیں کہ آنے والے دنوں میں اللہ تعالیٰ آپ کی اور آپ کی جماعت کے تمام افراد کی حفاظت فرمائے اور اس طرح کے سانحات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

والسلام

آپ کے غم میں شریک

ڈاکٹر عبدالکریم سعید

امیر جماعت، احمدیہ انجمن لاہور